Sadiq

25-07-2024

13.50 Hrs

HL-Opening

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ارجمند علی خان

**Music**

------------------------------------

☆ کیرالہ کے وائناڈ میں مٹی کے تودے گرنے کے سبب ہلاک ہونے والوں کی تعداد 157 ہوگئی ہے۔ بچاؤ اور امدادی کارروائیاں بڑے پیمانے پر جاری ہیں۔

☆ حکومت نے کہا ہے کہ بلٹ ٹرین پروجیکٹ پر تیزی کے ساتھ کام جاری ہے۔

☆ 1983 بیچ کی IAS افسر پریتی سودن کو UPSC کا صدرنشیں مقرر کیا گیا ہے۔

☆ حماس کے سیاسی چیف اسماعیل ہنیہ کو ایران کی راجدھانی تہران میں قتل کردیا گیا ہے۔

☆ بھارتی موسمیات محکمے نے آئندہ کچھ دنوں میں ملک بھر میں کہیں کہیں بہت شدید سے شدید بارش کی پیش گوئی کی ہے۔

☆ اور۔۔ پیرس اولمپکس میں بھارتی مکے باز، تیزانداز، بیڈمنٹن کھلاڑی اور نشانے باز آج اپنی کارکردگی کا مظاہرہ کریں گے۔

**MUSIC**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**Wayanad - Landslide**

کیرالہ کے وائناڈ میں بڑے پیمانے پر مٹی کے تودے گرنے کے سبب ہلاک ہونے والوں کی تعداد بڑھ کر 157 ہوگئی ہے۔ ہلاکتوں کی تعداد میں مزید اضافہ ہونے کا امکان ہے۔ متاثرہ علاقے میں فوج، بحریہ، فضائیہ، این ڈی آر ایف اور دیگر ایجنسیوں کی جانب سے بڑے پیمانے پر تلاش کارروائی جاری ہے۔ ایسا مانا جارہا ہے کہ کئی افراد ملبوں کے نیچے دبے ہوسکتے ہیں اور کئی لاشوں کو نکالا گیا ہے۔ ملبے کے نیچے پھنسے لوگوں کا پتہ لگانے کیلئے کھوجی کتے استعمال کیے جارہے ہیں۔ دفاعی سیکورٹی کور سینٹر اور علاقائی فوجی بٹالین کی چار امدادی ٹیمیں خطے میں موجود ہیں۔ Bailey برج کا پہلا سیٹ اور بھاری سامان لانے لیجانے کیلئے استعمال ہونے والی مشینیں آج صبح وائناڈ پہنچیں۔ Bailey برج کے ایک اور سیٹ کو جسے دلّی سے ایئرلفٹ لیا گیا تھا، وہ Kannur ہوائی اڈّے پہنچ گیا ہے۔

مسلح افواج نے کہا ہے کہ اُس نے کل رات تک متاثرہ علاقے سے 70 لاشیں برآمد کی ہیں اور تقریباً ایک ہزار افراد کو باحفاظت نکالا ہے۔ کیرالہ کے گورنر عارف محمد خاں اور گوا کے گورنر PS سری دھرن پلّئی نے آج وائناڈ کا دورہ کیا۔x

**LS Vaishnav Bullet**

حکومت نے آج زور دے کر کہا ہے کہ Bullet ٹرین پروجیکٹ پر تیزی سے کام ہورہا ہے۔ آج لوک سبھا میں وقفہ سوالات کے دوران ضمنی سوالوں کے جواب دیتے ہوئے ریلوے کے وزیر اشونی ویشنو نے کہا کہ اِس پروجیکٹ کے ایک حصے کے طور پر ملک میں

پہلی بار زیرِسمندر 30 میٹر گہرائی میں 21 کلومیٹر طویل سرنگ تعمیر کی جارہی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ پروجیکٹ کا 320 کلومیٹر کا بنیادی کام مکمل ہوچکا ہے اور آتم نربھر بھارت مہم کے تحت دیگر بہت سے اقدامات کیے جارہے ہیں۔

## Vietnam PM Visit

ویتنام کے وزیر اعظم Pham Minh Chinh بھارت کے تین روزہ سرکاری دورے پر نئی دلّی پہنچ گئے ہیں۔ اُن کے ساتھ بہت سے وزراء، نائب وزراء اور سرکردہ تاجروں سمیت ایک اعلیٰ سطحی وفد بھی ہے۔

وزیراعظم Chinh، وزیر اعظم نریندر مودی کے ساتھ باہمی تبادلۂ خیال کریں گے، جو اُن کے اعزاز میں ایک ظہرانے کا اہتمام کریں گے۔ ویتنام کے وزیر اعظم، صدر جمہوریہ دروپدی مرمو اور نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ سے ملاقات کریں گے۔ وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر بھی ویتنام کے وزیر اعظم سے ملاقات کریں گے۔

وزارت خارجہ کے مطابق، بھارت اور ویتنام کے دیرینہ تاریخی اور تہذیبی رشتے ، 2016 میں وزیراعظم نریندر مودی کے، ویتنام کے دورے میں جامع دفاعی شراکت داری کے طور پر مستحکم ہوئے تھے۔

وزارت نے زور دے کر کہا کہ بھارت، ویتنام کو اپنی مشرق نواز پالیسی کا ایک بنیادی ستون اور بھارت۔بحرالکاہل کے تناظر میں ایک اہم شراکت دار کے طور پر دیکھتا ہے۔x

## President Governor's Conference

صدرجمہوریہ دروپدی مرمو گورنر صاحبان کی دو روزہ کانفرنس کی صدارت کریں گی، جو جمعہ کے روز راشٹرپتی بھون میں شروع ہوگی۔ یہ گورنرس کی پہلی کانفرنس ہوگی، جس کی صدارت صدرجمہوریہ کریں گی۔ صدرجمہوریہ کے سکریٹریٹ نے کہا ہے کہ سبھی ریاستوں کے گورنر اِس کانفرنس میں شرکت کریں گے۔ ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ اِس کانفرنس کے ایجنڈے میں تین فوجداری قوانین کا نفاذ، اعلیٰ تعلیم میں اصلاحات اور یونیورسٹیوں کی منظوری اورمخصوص شعبوں میں ترقی شامل ہے۔مختلف مہموں میں گورنر صاحبان کا رول اور ریاست کی مختلف مرکزی ایجنسیوں کے درمیان بہتر تال میل جیسے دیگر اہم معاملات پر بھی تبادلۂ خیال کیا جائے گا۔x

## Preeti Sudan

صحت کی سابق مرکزی سکریٹری اور 1983 بیچ کی IAS افسر پریتی Sudan کو یونین پبلک سروس کمیشن؛ UPSC کا صدرنشیں مقرر کیا گیا ہے۔ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے محترمہ Sudan کی تقرری کو منظوری دی ہے۔ وہ کل اپنی ذمہ داریاں سنبھالیں گی۔ محترمہ Sudan، ڈاکٹر منوج سونی کی جگہ لیں گی جنہوں نے اپنی معیادختم ہونے سے پہلے اِس مہینے کے شروع میں استعفیٰ دے دیا تھا۔

## Jharkhand Governor

سابق مرکزی وزیر سنتوش کمار گنگوار نے آج جھارکھنڈ کے نئے گورنر کے طور پر حلف لیا۔ جھارکھنڈ ہائی کورٹ کے کارگزار چیف جسٹس سُجیت نارائن پرساد نے رانچی کے راج بھون میں اُنہیں عہدے اور رازداری کا حلف دلایا۔ اِس موقع پر وزیراعلیٰ ہیمنت سورین اور دیگر سرکردہ شخصیات موجود تھیں۔

## Punjab New Governor Oath

گلاب چند کٹاریہ نے آج پنجاب کے گورنر اور چنڈی گڑھ کے ایڈمنسٹریٹر کے طور پر حلف لیا۔ پنجاب اور ہریانہ ہائیکورٹ کے چیف جسٹس شیل ناگو نے اُنہیں حلف دلایا۔ جناب کٹاریہ پنجاب کے تیسویں گورنر ہیں۔ اُن کی حلف برداری کی تقریب میں وزیراعلیٰ بھگونت مان، دیگر وزراء، ارکان اسمبلی اور پنجاب اور چنڈی گڑھ سینئر عہدیداران موجود تھے۔x

### Manipur Governor Oath

لکشمن پرساد آچاریہ نے آج منی پور کے گورنر کی حیثیت سے حلف لیا ہے۔ آج صبح امپھال میں راج بھون میں اُن کی حلف برداری کی تقریب ہوئی۔ منی پور ہائیکورٹ کے چیف جسٹس سدھارتھ Mridul نے انہیں عہدے کا حلف دلایا۔ حلف برداری کی تقریب میں منی پور کے وزیراعلیٰ این بیرین سنگھ، ارکان اسمبلی اور اعلیٰ سرکاری، پولیس اور نیم فوجی دستوں کے اہلکار شامل تھے۔x

### Shekhawat Heritage

سیاحت اور ثقافت کے وزیر گجیندر سنگھ شیخاوت نے صلاحیت سازی اور بین الاقوامی تعاون کے ذریعہ ملک کی ثقافت اور وراثت کے تحفظ کے تئیں حکومت کی کوششوں کو سراہا ہے۔ نئی دلی میں میڈیا سے خطاب کرتے ہوئے جناب شیخاوت نے کہا کہ ملک میں آج عالمی وراثت کمیٹی کی میٹنگ ہورہی ہے جو جی ٹوئنٹی کی صدارت کے بعد بھارت کی صلاحیتوں میں اضافے کی ایک مثال ہے۔ جناب شیخاوت نے یہ بھی کہا کہ حکومت زیادہ سے زیادہ بھارتی مقامات کو وراثت کی فہرست میں شامل کیے جانے کی کوششیں کررہی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ گزشتہ 10 برس میں 13 مقامات کو وراثت کی فہرست میں شامل کیا گیا ہے۔

### Ismail Haniyeh Death

حماس کے اعلیٰ سیاسی رہنما اسماعیل ہنیہ کو تہران میں قتل کردیا گیا ہے۔ ایران کے سپاہِ پاسدارانِ انقلابِ اسلامی IRGC نے آج ایک بیان میں کہا ہے کہ اسماعیل ہنیہ کو ایران کی راجدھانی تہران میں اُن کی رہائش گاہ پر اُن کے ایک محافظ کے ساتھ اُس وقت قتل کردیا گیا، جب وہ کل ایران کے صدر مسعود پزشکیان کی حلف برداری کی تقریب میں شرکت کیلئے شہر میں موجود تھے۔ IRGC کی طرف سے اُن کی ہلاکت کے بارے میں مزید تفصیلات نہیں فراہم کی گئی ہیں۔ ہنیہ حماس کے ایک اہم رہنما تھے اور انھوں نے بہت سے امن مذاکرات میں سرگرمی سے حصہ لیا تھا۔x

### Sudesh Sharma Death

انڈین انفارمیشن سروس، IIS کے سابق افسر سریش چندر شرما کا آج نئی دلی میں انتقال ہوگیا ہے۔ وہ 83 برس کے تھے۔ جناب شرما سال 2000 میں آکاشوانی کے نیوز سروسز ڈیویژن میں جوائنٹ ڈائریکٹر کے عہدے سے ریٹائر ہوئے تھے۔ انہوں نے اطلاعات ونشریات کی وزارت کے کئی میڈیا یونٹس میں بھی اپنی خدمات انجام دی تھیں۔

### IMD - Weather

بھارتی موسمیات محکمے IMD نے ملک کے شمال مغربی، شمال مشرقی، مغربی، وسطی اور جنوبی حصوں میں اگلے چند روز کے دوران کہیں کہیں بہت شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ موسمیات کے محکمے نے کہا ہے کہ آج کرناٹک میں اور ہفتے کے روز تک وسطی مہاراشٹر کے زیادہ تر حصوں میں کہیں کہیں شدید بارش ہونے کا امکان ہے۔ ملک کے مختلف حصوں میں آئندہ چار روز کے دوران بہت شدید بارش ہوسکتی ہے۔دلّی میں محکمۂ موسمیات نے آج عام طور پر مطلع ابرآلود رہنے کے ساتھ ساتھ شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے، جس کے بعد کل سے آئندہ پانچ دنوں تک ہلکی سے اوسط بارش ہوگی۔پنجاب میں موجودہ مانسون کے دوران مختلف حصوں میں ناکافی بارش نہیں ہوئی ہے۔x

### Israel - Hezbollah

اسرائیل نے کہا ہے کہ اُس نے کل لبنان کی راجدھانی بیروت کے، جنوبی نواح میں حملہ کرکے حزب اللہ کا ایک چوٹی کے کمانڈر کو ہلاک کردیا ہے۔اسرائیلی فوج نے کہا ہے کہ فواد شکر کو لڑاکا جیٹ طیاروں کے ذریعے کیے گئے، خفیہ جانکاری پر مبنی ایک حملے میں نشانہ بنایا گیا وہ ہفتے کو اسرائیلی مقبوضہ گولان پہاڑیوں پر ایک راکٹ حملے کا ذمہ دار تھا جس میں 12 افراد ہلاک ہوگئے تھے، جن میں زیادہ تر بچے تھے۔ حزب اللہ نے اِس حملے میں خود کے ملوث ہونے سے انکار کیا ہے۔لبنان کے وزیراعظم نجیب میکاتی نے اسرائیل کی اِس

وحشیانہ جارحیت کی مذمت کی ہے۔x

**India Coner University**

بھارت-سری لنکا تعلقات کو مزید مستحکم کرتے ہوئے Kandy میں بھارت کے اسسٹنٹ ہائی کمشنر نے یونیورسٹی آف Peradeniya کو کتابیں سپرد کیں۔ یہ کتابیں انڈیا کارنر کو دی گئی ہیں جسے پچھلے سال لائبریری میں قائم کیا گیا ہے۔ یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر M D Lamawansa، نائب وائس چانسلر پروفیسر W M Terrence Madhujith اور لائبریری کے اسٹاف اور دیگر افراد اس موقع پر موجود تھے۔انڈیا کارنر انگریزی، ہندی اور تمل زبان و ادب، بھارتی فنون اور ثقافت وغیرہ کے مختلف شعبوں میں کتابوں تک رسائی فراہم کرتا ہے۔

**Japan Earthquake**

آج صبح ٹوکیو میٹرو پولیٹیکل علاقے میں چار اعشاریہ سات شدت کا زلزلہ آیا۔ جاپان کی میٹرولوجیکل ایجنسی نے کہا ہے کہ یہ زلزلہ مقامی وقت کے مطابق رات ایک بجکر 47 منٹ پر آیا جو 120 کلومیٹر گہرائی میں مرکوز تھا۔ کسی جانی یا مالی نقصان کی کوئی خبر نہیں ملی ہے۔ سنامی کی بھی کوئی وارننگ جاری نہیں کی گئی ہے۔

**Paris Olympics**

2024 کے پیرس اولمپکس کے پانچویں دن آج بھارت کے مکے باز، تیرانداز، بیڈمنٹن کھلاڑی اور نشانے باز اپنی کارکردگی کا مظاہرہ کریں گے۔

مکے باز Lovlina Borgohain جنہوں نے ٹوکیو میں کانسے کا تمغہ جیتا تھا، ناروے کی Sunniva Hofstad کے خلاف اپنی مہم شروع کریں گی۔

نشانے بازی میں Aishwary پرتاپ سنگھ تومر مردوں کے 50 میٹر رائفل 3 پوزیشن کوالیفکیشن مقابلے میں حصہ لیں گے جبکہ Shreyasi Singhاور راجیشوری کماری کوالیفکیشن راؤنڈ کے دوسرے دن آج اپنی صلاحیتوں کا مظاہرہ کریں گی۔ اِن دونوں نے پہلے دن 68 پوائنٹ حاصل کیے تھے۔

Anush Agarwalla آج گھوڑسواری کے انفرادی راؤنڈ میں حصہ لیں گے۔

بیڈمنٹن میں مردوں کے سنگلز گروپ مرحلے میں لکشیہ سین انڈونیشیا کے Jonatan Christie سے جبکہ ایچ ایس پرونائے ویتنام کے Duch Phat Lee سے مقابلہ کریں گے۔

خواتین کے سنگلز گروپ مرحلے میں پی وی سندھو آج اسٹونیا کی Kristin Kuuba کا سامنا کریں گی۔

اور ٹیبل ٹینس میں Sreeja Akula خواتین کے سنگلز کے 32ویں راؤنڈ میں سنگاپور کی Jian Zeng کا سامنا کریں گی۔

تیر اندازی میں ترون دیپ رائے اور دیپیکا کماری مردوں اور عورتوں کے 1/32 ایلیمینیشن راؤنڈ میں حصہ لیں گے۔

اِس دوران خواتین کے 54 کلوگرام کی مکے بازی کے پری کوارٹر فائنل میچ میں پریتی Pawar آج صبح سویرے کولمبیا کی Yeni Arias سے ہار گئیں۔

اب تک بھارت نے کُل دو تمغے جیتے ہیں اور یہ دونوں نشانے بازی میں ملے ہیں۔ منو بھاکر نے خواتین کے دس میٹر ایئرپسٹل مقابلے میں کانسے کا تمغہ جیتا اور پھر انہوں نے سربجوت سنگھ کے ساتھ مل کر مکسڈ ٹیم مقابلے میں کانسے کا ایک اور تمغہ جیتا۔xxxx